**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**MAY 2014**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ سورۂ انفال کی آیت نمبر 7 میں کن دو سرداران مکّہ کے گروہوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

A۔ ابو سفیان اور ابو جہل

B۔ ابو جہل اور ابو لہب

C۔ ابو حاتم اور ابو جہل

D۔ ابو سفیان اور ابو لہب

2۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ (سورۂ انفال: آیت نمبر 27)

ترجمہ: "اے ایمان والو! نہ تو خدا اور رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی امانت میں خیانت کرو اور نہ ہی اپنی امانتوں میں خیانت کرو جبکہ تم ان باتوں کو جانتے ہو۔"

درج بالا آیت میں کس بات کی نصیحت کی گئی ہے؟

A۔ چوری نہ کرنے کی

B۔ سچ اور جھوٹ میں فرق کرنے کی

C۔ دوسروں کی امانت میں خیانت نہ کرنے کی

D۔ اپنے دوسرے مسلمان بھائیوں کی حفاظت کرنے کی

3۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔ (سورۂ انفال: آیت نمبر 45)

ترجمہ۔"مومنو! جب (کفار کی) کسی جماعت سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور خدا کو بہت یاد کرو تاکہ کامیابی حاصل کرو۔"

درج بالا آیت کے مطابق کسی کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے درج ذیل میں سے کس کو ضروری قرار دیا گیا ہے؟

A۔ اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کرنا

B۔ آیاتِ قرآنی پڑھنا

C۔ درود شریف پڑھنا

D۔ کلمہ طیبہ پڑھنا

4۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْخَآئِنِیْنَ۔ (سورۂ انفال: آیت نمبر 58)

درج بالا آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ کن لوگوں کو دوست **نہیں** رکھتا؟

A۔ جھوٹوں کو

B۔ بے نمازیوں کو

C۔ خیانت کرنے والوں کو

D۔ روزہ نہ رکھنے والوں کو

5۔ یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْھُمُ الْاَدْبَارَ۔

سورۂ انفال کی آیت 15 کی روشنی میں درج ذیل جملہ مکمل کیجیے۔

" اے اہلِ ایمان! جب میدانِ جنگ میں کفار سے تمھارا مقابلہ ہو تو

A۔ ان سے ہوشیاری سے لڑنا۔"

B۔ اپنی صفوں میں اتحاد رکھنا۔"

C۔ ان سے پیٹھ نہ پھیرنا۔"

D۔ بلاوجہ انھیں قتل نہ کرنا۔"

6۔ لفظ 'حدیث' کے لغوی معنی کیا ہیں؟

A۔ خطبہ

B۔ بات چیت

C۔ بحث و تکرار

D۔ تقریر

7۔ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا۔

درج بالا حدیث میں لفظ "یُوَقِّر" آیا ہے، اس کے معنی ہیں:

A۔ رحم کرنا۔

B۔ خیرات دینا۔

C۔ سلام کرنا۔

D۔ احترام بجالانا۔

براہِ کرم صفحہ الٹیے

8- اَلرَّاشِیْ وَالْمُرْتَشِیْ کِلَاهُمَا فِی النَّارِ۔

درج بالا حدیث میں معاشرے کو رشوت سے پاک کرنے کے لیے کیا وعید دی گئی ہے؟

A- دونوں میں سے ایک آگ میں جلایا جائے گا

B- صرف رشوت دینے والا آگ میں جلایا جائے گا

C- رشوت دینے والے کو درگزر کیا جائے گا

D- دونوں جہنّم کی آگ میں جلائے جائیں گے

9- اِنَّ اَکْمَلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔

درج بالا حدیث کے مطابق کامل ترین ایمان والا وہ ہے جو

A- اپنے والدین کا فرماں بردار ہے۔

B- اخلاق کے اعتبار سے اچھا ہے۔

C- ساری رات عبادت کرتا ہے۔

D- اللہ تعالیٰ کی راہ میں سب کچھ خرچ کر دیتا ہے۔

10- خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ۔

درج بالا حدیث مبارکہ کے مطابق سب سے اچھا مسلمان وہ ہے جو قُرآنِ پاک

A- کا علم حاصل کرتا ہے۔

B- کی تعلیمات پر عمل کرتا ہے۔

C- کا علم حاصل کرتا ہے اور دوسروں کو سکھاتا ہے۔

D- کا علم حاصل کرتا ہے اور اس پر عمل کرتا ہے۔

11- ربِّ زِدْنِی عِلْمًا۔ (سورۂ طٰہٰ: آیت نمبر 114)

درج بالا آیت کا مطلب یہ ہے:

A- اے رب، مجھے علم کی طرف گامزن کر۔

B- اے رب، مجھے علم کے ذریعے ترقی عطا فرما۔

C- اے رب، میرے علم میں اضافہ فرما۔

D- اے رب، مجھے علم حاصل کرنے والا بنا۔

12۔ بہ طور آسمانی کتاب قرآنِ مجید کی اہمیت یہ ہے کہ

A۔ یہ عربی زبان میں ہے۔

B۔ یہ تا قیامت باقی رہے گی۔

C۔ یہ گزشتہ قصص کی کتاب ہے۔

D۔ یہ کتاب اہلِ عرب کے لیے ہے۔

13۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہِ وسلّم کی رحلت کے بعد کس خلیفہ کے دور میں بعض لوگوں نے زکوٰۃ ادا کرنے سے انکار کیا تو ان کے خلاف جہاد کیا گیا؟

A۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

B۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

C۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

D۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

14۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہِ وسلّم کے مطابق نماز دین کا پہلا ستون ہے جبکہ دوسرا ستون

A۔ زکوٰۃ ہے۔

B۔ روزہ ہے۔

C۔ جہاد ہے۔

D۔ حج ہے۔

15۔ معاشرے کے محروم اور مفلس لوگوں کی مدد ہو سکتی ہے

A۔ نماز کے ذریعے۔

B۔ زکوٰۃ کے ذریعے۔

C۔ روزے کے ذریعے۔

D۔ حج کے ذریعے۔

16۔ انسان کی عظمت اسی میں ہے کہ وہ اپنے خالق کو تسلیم کرے، اس کی محبت میں سرشار رہے اور

A۔ کبھی کبھی نیکی انجام دے۔

B۔ دنیاوی ترقی کرے۔

C۔ احکام اِلٰہی کو مانے۔

D۔ دنیاوی کاموں میں دوسروں پر سبقت لے جائے۔

17۔ ایک مومن عبادت کے ذریعے

A۔ شرف و مرتبہ حاصل کرتا ہے۔

B۔ علم اور حکمت حاصل کرتا ہے۔

C۔ تقویٰ اور رضائے الٰہی حاصل کرتا ہے۔

D۔ شریعت کی سمجھ حاصل کرتا ہے۔

18۔ مسلم سائنسدان جابر بن حیّان کس علم کے بانی سمجھے جاتے ہیں؟

A۔ علم ریاضی

B۔ علمِ طبیعیات

C۔ علمِ کیمیا

D۔ علمِ فلکیات

19۔ کسی بھی قوم کی زبان ولباس اور طرزِ معاشرت سے ظاہر ہوتی ہے اس کی

A۔ سیاست۔

B۔ معیشت۔

C۔ قیادت۔

D۔ ثقافت۔

20۔ درج ذیل میں سے کون علمِ ریاضی کے ماہر کہلاتے ہیں؟

A۔ الادریسی

B۔ ابنِ سینا

C۔ ابن الہیثم

D۔ نصیر الدّین طوسی

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work